مقامی زبان اور ثقافت کے علم کا ثبوت

سال 2023 سے غیر یورپی ممالک کے شہری جو فیملی یونٹ کے لیے صوبائی الاؤنس، فیملی یونٹ کے لیے صوبائی الاؤنس اور بچوں کے لیے صوبائی الاؤنس جیسی اضافی سہولیات سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں، انہیں جہاں کسی ایک صوبائی زبان میں زبانی بول چال کا معیار زبانوں کے مشترکہ یورپی فریم ورک کی سطح A2 پر لانا ہوگا وہیں مقامی معاشرت اور ثقافت کا علم بمطابق (قرارداد نمبر 1182، 30.12.2019) ہونا چاہیے۔

جو کوئی بھی سال 2023 کے لیے بچوں کے لیے صوبائی الاؤنس کی درخواست دے گا جو یکم ستمبر 2022 سے دی جا سکے گی کو اپنی زبان اور ثقافت کے علم کا ثبوت درخواست کے ساتھ لگانا ہوگا۔

اہم: درخواست دہندہ یا اس کا جیون ساتھی جو ساتھ رہتا ہو کو مندرجہ ذیل تقاضے پورے کرنے ہوں گے۔

1۔ زبان کے علم کا ثبوت

دو صوبائی زبانوں میں سے کسی ایک کے علم کی تصدیق کے لیے درج ذیل امکانات موجود ہیں۔

a ۔ A2 سطح کے اٹالین یا جرمن زبان کے کورس میں کامیابی کے ساتھ شرکت جس میں مزید اعلیٰ سطح (کم از کم B1) کی سفارش کی گئی ہو۔

b ۔ اٹالین یا جرمن زبان کے سکول میں ایک تعلیمی سال کے لیے کامیابی سے شرکت کی ہو۔

c ۔ جرمن یا اٹالین زبان کی یونیورسٹی میں داخل ہوں یا داخل رہے ہوں۔

d ۔ اٹالین یا جرمن زبان میں بین الاقوامی طور پر منظور شدہ سرٹیفکیٹ یا A2 کی سطح کا دوہری زبانوں کا صوبائی سرٹیفکیٹ۔

e ۔ یورپی یونین کے طویل مدت رہائشی اجازت نامہ یا انضمام معاہدے کے مقاصد کے لیے ٹیسٹ پاس کیا ہو (2012 کے بعد)

f ۔ اٹالین یا جرمن زبان کے زبانی بول چال کے کورس میں داخلہ لیا ہو یا A2 کی سطح کا امتحان پاس کیا ہو جس کی سہولت دولسانی اور سہ لسانی امتحان کے مرکز میں موجود ہے۔ معلومات کے لیے
Servizio di coordinamento per integrazione (integrazione@provincia.bz.it-coordinamento)

g ۔ اٹالین یا جرمن زبان کے مفت کورس میں داخلہ لیں:

جرمن یا اٹالین زبان کے مفت کورس کا دورانیہ 80 گھنٹے ہے جس میں 75 فیصد حاضری لازمی ہے۔ کورس کی تکمیل ایک سال میں ہو جانی چاہیے جس میں زبان کے علم کے معیار A2 کا حصول لازمی ہے۔ بصورت دیگر کورس دوبارہ کیا جائے۔ بلدیاتی اداروں اور مستقل تعلیم کی تنظیموں جو کورس کی سہولت مہیا کرتی ہیں کے مابین معاہدے کے تحت زبان کے کورس ذاتی حاضری کے ساتھ پورے صوبے میں کیے جا سکیں گے۔

زبان کے کورس کی معلومات اور داخلے کے لئے:

(tedesco e italiano) Alphabeta Piccadilly

www.alphabeta.it Tel. 0471978600 info@alphabeta.it

(tedesco e italiano) by cooperform AZB

www.cooperform.it Tel. 0471970954 azb@cooperform.it

(italiano) "A. Palladio" Centro di studi e ricerche

www.upad.it Tel. 0471933108 Info@upad.it

(italiano) Voltaire european education centre

www.voltaire-bz.it Tel. 0471288003 voltaire@voltaire-bz.it

2-مقامی ثقافت اور معاشرے کے علم کا ثبوت

مقامی ثقافت اور معاشرے کے علم کی تصدیق کے لیے مندرجہ ذیل امکانات موجود ہیں۔

a. جرمن یا اٹالین زبان کے سکول میں ایک تعلیمی سال کے لیے کامیابی سے شرکت کی ہو۔

b. جرمن یا اٹالین زبان کی یونیورسٹی میں داخل ہوں یا داخل رہے ہوں۔

c. ایک خصوصی کورس میں داخلہ لیں۔

مقامی ثقافت اور معاشرے کے کورس بلا معاوضہ ہیں اور بلدیاتی اداروں اور مستقل تعلیم کی تنظیموں جو کورس کی سہولت مہیا کرتی ہیں کے مابین معاہدے کے تحت ذاتی حاضری کے ساتھ پورے صوبے میں کیے جا سکیں گے۔100 فیصد حاضری لازمی ہے۔کورس کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، ہر حصہ کا دورانیہ تین گھنٹے ہے۔

1۔ پہلا حصہ: آلتو آدیجے کل اور آج

2۔دوسرا حصہ: یورپ میں اقدار

3۔تیسرا حصہ: زندگی، صحت،تربیت، کام،فارغ وقت

مقامی ثقافت اور معاشرے کے کورس کی معلومات اور داخلہ:

CLS Consorzio lavoratori studenti

(per Bolzano, salto- sciliar, oltradige- bassa atesina alta valle isarco, valle isarco e val Gardena)

cls@cls-bz.it Tel. 0471288003 www.cls-bz.it

Urania Meran

(per val venosta, Burgaviata, val Pusteria e val Badia):

info@urania-meran.it Tel. 0473230219 www.urania-meran.it

مزید معلومات کے لیے:

Servizio di coordinamento per integrazione

Coordinamento-integrazione@provincia.bz.it

Tel. 0471413390